# دورانِ نماز عورت کے بال یا چُٹیا باہر ہوں اور نماز کے بعد معلوم ہو، تو کیا حکم ہے؟

**مجیب:** مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** Web-1946

**تاریخ اجراء:** 28 ربیع الاول 1446ھ / 03 اکتوبر 2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

نماز پڑھتے ہوئے کسی عورت کی چُٹیا یا بال دوپٹے سے باہر ہوں اور نماز مکمل ہونے کے بعد معلوم ہوا، تو اس نماز کا کیا حکم ہو گا؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

عورتوں کے سر سے لٹکے ہوئے بال سترِ عورت ہونے میں ایک مستقل عضو کی حیثیت رکھتے ہیں، دیگر اعضائے مستورہ کی طرح ان بالوں کو بھی چھپانا ضروری ہے، اگر نماز اس حالت میں شروع کی کہ لٹکے ہوئے بالوں کا ایک چوتھائی حصہ کھلا ہوا تھا تو نماز شروع ہی نہ ہو گی، اور اگر نماز شروع کرتے وقت تو بال نہیں کھلے ہوئے تھے، دورانِ نماز کھلے تو اگر ایک چوتھائی حصہ تین بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار تک کھلا رہا تو نماز ٹوٹ جائے گی، اس نماز کو دوبارہ پڑھنا ہو گا۔

در مختار میں ہے: "ویمنع حتی انعقادھا کشف ربع عضو قدر اداء رکن بلا صنعۃ من غلیظۃ او خفیفۃ" یعنی سترِ غلیظ اور خفیف میں سے کسی عضو کا چوتھائی حصہ بلا قصد ایک رکن کی مقدار کھلا رہنا نماز کے صحیح ہونے سے مانع ہے حتیٰ کہ اس کے انعقاد یعنی شروع ہونے سے بھی مانع ہے۔

علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ عبارت کے تحت ردالمحتار میں فرماتے ہیں: "ذلک القدر ثلاث تسبیحات ۔۔۔ اذا انکشف ربع عضو اقل من قدر اداء رکن فلا یفسد اتفاقا لان الانکشاف الکثیر فی الزمان القلیل عفو کالانکشاف القلیل فی الزمن الکثیر" یہ مقدار تین بار سبحان اللہ کہنے کے برابر ہے ۔۔۔ جب چوتھائی حصہ ایک رکن سے کم کی مقدار کھلا رہے تو بالاتفاق نماز فاسد نہیں ہو گی کیونکہ زیادہ عضو یعنی چوتھائی عضو کا کم

وقت ایک رکن کی مقدار سے کم میں کھلنا اسی طرح معاف ہے جیسے کم عضو یعنی چوتھائی سے کم کا ایک رکن کی مقدار سے زیادہ کھلنا نماز میں معاف ہے۔(درمختار مع ردالمحتار، جلد2، صفحہ100، مطبوعہ کوئٹہ)

بہارِ شریعت میں ہے:"آزاد عورتوں اور خنثیٰ مشکل کے لئے سارا بدن عورت ہے، سوا مونھ کی ٹکلی اور ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلووں کے۔ سر کے لٹکتے ہوئے بال اور گردن اور کلائیاں بھی عورت ہیں، ان کا چھپانا بھی فرض ہے۔"(بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ481، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net